نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی ضلع ملتان میں جعلی زرعی ادویات کی تیاری میں ملوث افراد کے خلاف کاروائی، 5 کروڑ 54 لاکھ روپے مالیت کی جعلی ادویات ضبط۔ایف آئی آر کا اندراج

لاہور: 13 نومبر 2022 (   ) وزیر اعلی پنجاب کی خصوصی ہدایات کے مطابق محکمہ زراعت کی جعلی زرعی ادویات و کھادوں کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیاں کی جاری ہیں۔ایسے ہی ایک آپریشن کے دوران ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز پنجاب رانا فقیر احمد کی ہدایت پر زراعت آفیسر (پیسٹ وارننگ) ولی محمد نے ہمراہ فیلڈ سٹاف خفیہ اطلاع ملنے پر سنگیٹا پاکستان لمیٹڈ انڈسٹریل اسٹیٹ ملتان کے گودام پر چھاپہ مارا اور 5 کروڑ 54 لاکھ روپے مالیت سے زائد کی غیر قانونی مقامی مینوفیکچرنگ / فارمولیشن کے 1669 کارٹون اور زائد المعیاد زرعی ادویات کی برآمدگی کی اور اس دوران اس مکروہ کاروبار میں ملوث کے خلاف ایف آئی آر کا اندارج عمل میں لایا گیا۔ملزمان سے زائد المعیاد زرعی ادویات و لیبل بھی کثیر تعداد میں برآمد کئے گئے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جا رہی ہے۔حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور جعلی زرعی ادویات کے دھندے میں ملوّث افراد کو قانون کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ عوام جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس / واٹس ایپ پر **0300-2955539** کر سکتے ہیں۔ایسے تمام عناصر کے خلاف اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے

☆☆☆☆☆